## مراسلت

خواجہ حامد بن جمیل
اسلامی مشن - فیصل آباد

--- اپریل کے شمارے میں "تبصرہ کتب" کے تحت ادارہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی - لاہور کی "فہرست مقالات" کے مختصر تعارف کے ضمن میں مسیحیت کے متعلق لکھے گئے مقالات کی نشان دہی کی گئی ہے۔ اسی سلسلہ میں "عالمِ اسلام اور عیسائیت" کے قارئین کی مزید معلومات کے لیے عرض ہے کہ ۱۹۸۶ء میں محمد شعیب صاحب کا لکھا ہوا مقالہ "عیسائیت کی تعلیمات کا اسلامی تعلیمات سے تقابلی جائزہ" (برائے ایم - اے) طباعت کے مراحل میں ہے۔

راقم نے ۱۹۹۰ء کے امتحان کے لیے "انجیل برنباس کے مضامین کا تحقیقی جائزہ: اسلامی تعلیمات کی روشنی میں" کے عنوان کے تحت مقالہ لکھا تھا جس کا تذکرہ "عالم اسلام اور عیسائیت" کی پیش کردہ فہرست میں موجود ہے۔ راقم کو پنجاب یونیورسٹی کی طرف سے "تعمیرِ سیرت میں نظامِ عبادات کا کردار: سامی مذاہب اور عصری افکار کی روشنی میں" کے موضوع پر پی - ایچ - ڈی کا مقالہ لکھنے کی اجازت مرحمت ہو چکی ہے۔

مزید برآں تقابلِ ادیان اور خصوصیت کے ساتھ مسیحیت سے متعلق موضوعات پر پنجاب یونیورسٹی میں محترمہ کنیز فاطمہ صاحبہ "راہِ نجات: مختلف مذاہب کی روشنی میں" اور عبدالرشید قادری صاحب "زبور کا تحقیقی جائزہ اور قرآن مجید کے متعلقہ موضوعات سے اُن کا موازنہ" کے زیر عنوان پی - ایچ - ڈی کے مقالات لکھ رہے ہیں۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی - اسلام آباد میں ایم - فل کی سطح پر مسز شمیم "تفسیر حقانی اور تفسیر ماجدی کا تقابلی مطالعہ: مسیحی عقائد کے حوالے سے" کے موضوع پر مقالہ لکھ رہی ہیں۔ بشیر محمود اختر صاحب نے بھی "انجیل برنباس کی متنازعہ حیثیت کا جائزہ" کے موضوع پر تحقیقی مقالہ لکھ کر اپنا ایم - فل مکمل کر لیا ہے۔

آپ سے گزارش ہے کہ دیگر یونیورسٹیوں سے بھی رابطہ کر کے ایسی فہارس شائع کریں---